بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

مراسلہ نمبر: 71۔رجسٹریشن مورخہ: 13۔جون۔2024ء

﴿نوٹیفکیشن برائے پرائیویٹ طلباء/طالبات﴾

ملحقہ لاہور بورڈ

عنوان:۔ آن لائن پری انرولمنٹ شیڈول پرائیویٹ طلباء/طالبات برائے جماعت نہم (Class-IX) تعلیمی سیشن 2026-2024

اطلاعاً تحریر ہے کہ جماعت نہم (Class-IX) کے پرائیویٹ اُمیدواران کی آن لائن انرولمنٹ کا درج ذیل شیڈول جاری کیا گیا ہے جس میں انرولمنٹ فیس مبلغ-/1000 روپے پروسیسنگ فیس مبلغ-/530 روپے ٹوٹل مبلغ-/1530 روپے فی طالب علم/طالبہ مقرر کی گئی ہے۔

سیریل نمبر	شیڈول	پرائیویٹ طلباء/طالبات بورڈ کی ویب سائٹ پر موجود آن لائن انرولمنٹ فارم مکمل کرنے کے بعد ہارڈ کاپی حاصل کر کے بینک میں مقررہ فیس درج ذیل تواریخ تک جمع کرواسکتے ہیں۔ فیس جمع کرنے کے بعد طلباء/طالبات (Candidate Copy) اپنے پاس محفوظ رکھیں۔ مزید راہنمائی کے لیے ہدایات ملاحظہ فرمائیں
i	انرولمنٹ برائے جماعت نہم (Class-IX) برائے تعلیمی سیشن 2026-2024 کے لیے فیس مبلغ-/1530 روپے کے ساتھ انرولمنٹ کروانے کی تاریخ	15۔جون۔2024ء تا امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ شیڈول کی آخری تاریخ تک تین گنا (Tripple Fee)

﴿ہدایات﴾

دفتری قوائد کے مطابق جماعت نہم (9^{th}) کی انرولمنٹ کرتے وقت یکم اگست 2024 تک طالب علم/طالبہ کی کم از کم عمر 12 سال مقرر کی گئی ہے۔
درج بالا شیڈول کے بعد کسی پرائیویٹ اُمیدوار کو انرولمنٹ کی اجازت نہیں ہوگی۔ انرولمنٹ فیس درج بالا شیڈول کے اندر (HBL) کی کسی بھی برانچ میں جمع کروانے کے بعد بینک کی طرف سے واپس کی گئی (Candidate Copy) کو اپنے پاس محفوظ رکھیں۔ واضح رہے کہ اگر طلباء/طالبات اس سے قبل سیکنڈری سکول امتحان میں شرکت کر چکے ہوں یا انرولمنٹ کروا چکے ہوں تو دوبارہ انرولمنٹ کی ہرگز ضرورت نہ ہے۔ **انرولمنٹ کے کوائف کا اندراج (ب) فارم کے مطابق کریں نیز والد/والدہ کا درست شناختی کارڈ نمبر اور طالب علم/طالبہ کا (ب) فارم نمبر لازمی تحریر کریں،** طلباء/طالبات انرولمنٹ نمبر (ب) فارم نمبر کے تحت بورڈ کی ویب سائٹ (www.biselahore.com) سے Search کر سکتے ہیں۔ امتحان میں شرکت کے لیے امتحانی داخلہ فارم شیڈول کے مطابق علیحدہ جمع ہوگا جس کا شیڈول بعد ازاں جاری کیا جائے گا۔ انرولمنٹ کے سلسلہ میں دفتری قوائد وضوابط وشرائط لاگو ہوں گی۔

ڈاکٹر بشریٰ بی بی
سیکرٹری